157 سکھ یاتری لاہور پہنچ گئے، ٹرین 9 گھنٹے لیٹ ہونے پر مظاہرہ

بھارتی حکومت نے یاتریوں کو اٹاری پر روک لیا، گرمی سے متعدد کی حالت غیر ہوگئی

لاہور (نمائندہ جنگ + جنرل رپورٹر + کرائم رپورٹر سے) گرو ارجن دیو جی کی برسی کے موقع پر منعقدہ جوڑ میلہ میں شرکت کیلئے خصوصی ٹرین کے ذریعے 157 سکھ یاتری بھارت سے پاکستان پہنچ گئے ہیں سکھ یاتریوں کی آمد کے موقع پر پاکستان ریلوے نے واہگہ باڈر سمیت لاہور ریلوے سٹیشن اور اسپیشل سکھ یاتری ٹرین میں ریلوے پولیس نے سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کر رکھے تھے سکھ یاتری 17 جون تک پاکستان میں قیام کریں جس میں تین دن ننکانہ صاحب، تین حسن ابدال اور لاہور میں قیام شامل ہے ۔بھارت سے لاہور آنے والے سکھ یاتریوں کی ٹرین 9 گھنٹے لیٹ پہنچی۔ ذرائع کے مطابق ان سکھ یاتریوں کو بھارتی حکومت نے اٹاری پر روک لیا جبکہ سکھ یاتریوں نے گزشتہ صبح 8 بجے بذریعہ ٹرین لاہور پہنچنا تھا لیکن ان کی ٹرین سہ پہر چار ساڑھے چار بجے کے قریب اٹاری سے واہگہ ریلوے اسٹیشن پہنچی، اٹاری پر ان سکھ یاتریوں نے زبردست احتجاج کیا، شدید گرمی کی وجہ سے بہت سے سکھ یاتریوں کی حالت غیر ہو گئی جبکہ معلوم ہوا ہے کہ وہاں تین مرد سکھ یاتری اور دو خواتین گرمی کی وجہ سے بے ہوش ہو گئی تھیں۔ متروکہ وقف املاک بورڈ کے چیئرمین صدیق الفاروق کے علاوہ بورڈ کے دیگر افسران اور سکھ رہنماؤں نے مہمانوں کا استقبال کیا، ٹھنڈے مشروبات اور دیگر خورونوش کی اشیاء سے ان کی تواضع کی۔ سکھ یاتریوں کے جتھہ کے لیڈر سردار تارا سنگھ اور سردار جتندر سنگھ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہیں یہاں آ کر بے حد خوشی ہو رہی ہے ہم حکومت پاکستان اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمارا پرتپاک استقبال کیا، ہمارے مقدس مقامات کی صحیح طریقے سے دیکھ بھال کی جارہی ہے ذرائع کے مطابق ایک ہزار کے قریب سکھ یاتریوں نے آنا تھا لیکن صرف 156 سکھ یاتری واہگہ ریلوے اسٹیشن کے راستے لاہور پہنچے تھے۔ بتایا گیا ہے کہ ٹرین لیٹ ہو جانے کی وجہ سے سکھوں کی ایک بڑی تعداد اٹاری سے واپس چلی گئی۔

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھیے

آج کا اخبار پڑھیے